## سانحہ ممبئی کی تحقیقات کے بارے میں جو پالیسی بیان دیا ہے وہ حقیقت پسندانہ ہے۔الطاف حسین

## وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کو الطاف حسین کا خراج تحسین

لندن۔۔۔15 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے سانحہ ممبئی کی تحقیقات کے بارے میں جو پالیسی بیان دیا ہے وہ حقیقت پسندانہ ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے سانحہ ممبئی اور اس حوالے سے حکومت کے جن اقدامات اور کوششوں کو بیان کیا ہے اس سے قوم کو آگاہی ہوئی ہے اور انہوں نے جس جراتمندانہ انداز میں حکومتی پالیسی بیان کی ہے اور جن خیالات کا اظہار کیا ہے اس پر وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں۔

## طاہر کھوکھر کو آزاد کشمیر کابینہ میں شامل کئے جانے پر طاہر کھوکھر اور ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے تمام عہدیداروں اور کارکنوں کو الطاف حسین کی مبارکباد

## عوام کی زیادہ سے زیادہ بلاامتیاز خدمت کریں، کرپشن سے دور رہیں، محنت، لگن، ایمانداری اور دیانتداری سے کام کریں۔الطاف حسین کی طاہر کھوکھر سے فون پر گفتگو

کراچی۔۔۔15 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کو آزاد کشمیر کابینہ میں شامل کئے جانے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔وہ طاہر کھوکھر سے ٹیلیفون پر گفتگو کر رہے تھے جو وزارت کا حلف اٹھانے کے بعد ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو آئے تھے۔جناب الطاف حسین نے طاہر کھوکھر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کابینہ میں آپ کی شمولیت شہیدوں کی قربانیوں کا ثمر ہے اور اس سے اللہ تعالیٰ نے تحریک کا نام روشن کیا ہے۔انہوں نے طاہر کھوکھر کی کابینہ میں شمولیت پر انہیں اور ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے تمام عہدیداروں اور کارکنوں کو مبارکباد پیش کی۔انہوں نے طاہر کھوکھر کو تلقین کی کہ وہ عوام کی زیادہ سے زیادہ بلاامتیاز خدمت کریں، کرپشن سے دور رہیں اور محنت لگن، ایمانداری اور دیانتداری سے تحریک کے پیغام کو آزاد کشمیر میں پھیلائیں۔اس موقع پر طاہر کھوکھر نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ انہیں مایوس نہیں کریں گے اور ایمانداری و دیانتداری سے عوام کی خدمت کریں گے۔

## آزاد کشمیر کے حق پرست وزیر طاہر کھوکھر نے کراچی میں تحریک کے شہیدوں کی قبروں پر حاضری دی

کراچی۔۔۔15/جنوری 2009ء۔۔۔آزاد کشمیر کے حق پرست وزیر طاہر کھوکھر نے وزارت کا حلف اٹھانے کے بعد کراچی کا دورہ کیا اور عزیز آباد کے شہداء قبرستان جاکر تحریک کے شہیدوں کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی اور انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے شہداء قبرستان میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید اور پاپوشنگر قبرستان جناب الطاف حسین کے والد نذیر حسین والدہ محترمہ خورشید بیگم کی قبروں پر بھی فاتحہ خوانی کی اور انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی کونٹیکٹ کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی اور دیگر اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## سیدالشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام اور اہل بیت کی قربانیوں پر روشنی ڈالنے کیلئے ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے زیراہتمام ہفتہ 17 جنوری کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں اجتماع منعقد کیا جائے گا

## ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین اور علمائے کرام خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔15 جنوری 2009ء۔۔۔واقعہ کربلا میں سیدالشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام اور اہل بیت کی قربانیوں پر روشنی ڈالنے اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیراہتمام ہفتہ 17 جنوری کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں اجتماع منعقد کیا جائے گا۔اجتماع سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین اور علمائے کرام خطاب کریں گے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر کورنگی سیکٹر کے کارکن آصف حسین کو تحریک سے خارج کر دیا گیا

## کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکنان ذوالفقار، سنی خان، دلشاد احمد چار ماہ اور قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکنان فہیم خان

## کامران نور، مشکور الحسن صدیقی، ناصر انصاری اور گلشن اقبال سیکٹر ایلڈ رزونگ کے کارکن محمد مشرف خان غیر معینہ مدت کیلئے معطل

کراچی۔۔۔15جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی وغیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن آصف حسین ولد زاہد حسین کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے اور کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کارکنان ذوالفقار ولد عبدالغفار، سنی خان ولد رئیس خان، دلشاد احمد ولد مختیار احمد چار، چار ماہ جبکہ ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ E-5 کی کمیٹی کے رکن فہیم خان ولد عبدالمجید خان، کارکنان کامران نور ولد نور محمد، مشکور الحسن صدیقی ولد مشہود الحسن صدیقی، ناصر انصاری ولد صابر علی اور ایلڈ رزونگ گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 66/C کے کارکن محمد مشرف خان ولد حاجی عبدالمجید خان کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے خارج اور معطل کیے گئے کسی بھی شخص سے ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔15جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے شہید کارکن مہتاب شہید کی والدہ ماشاللہ بیگم، نیو کراچی سیکٹر یونٹ A-140 کے کارکن عبداللہ کی اہلیہ فریدہ، ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن آفتاب احمد کے والد آزاد علی، ناظم آباد گلبہار سیکٹر 184 کے کارکن محسن کی والدہ رقیہ بیگم، شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 104 کے کارکن شاہد کی والدہ آفسری بیگم، گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن رؤف میمن کے بھائی رضوان اور سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 05 کے کارکن محمد اسلم کے والد عبدالرحمٰن کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔

☆☆☆☆☆